مشکل اوقات کی دعائیں

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

(۱) وَمَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ (٤٢/٣٠ سورة الشُّوریٰ) " اور جو پہنچتی ہے تمہیں کوئی مصیبت سو وہ کمائی ہوتی ہے تمہارے اپنے ہاتھوں کی اور معاف فرما دیتا ہے وہ بہت سے (قصوروں) کو"

(۲) مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ ؕ وَمَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰہِ یَھْدِ قَلْبَہٗ ؕ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (٦٤/١١ التغابن) " کوئی مصیبت نازل نہیں ہوتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اسکے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر چیز سے پوری طرح باخبر ہے " (مصیبت کا ظہور ونزول اللہ کی مشیت اور اسکے حکم سے ہوتا ہے)

(۳) ظَھَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ لِیُذِیْقَھُمْ بَعْضَ الَّذِیْ عَمِلُوْا لَعَلَّھُمْ یَرْجِعُوْنَ (٤١/٣٠ الرُّوم)
" خشکی اور تری میں لوگوں کی بداعمالیوں کے باعث فساد پھیل گیا ' اس لیے کہ انکے بعض کرتوتوں کا پھل چکھادے (بہت) ممکن ہے کہ وہ باز آجائیں " (کَسَبَ = کمائی)

بے قراری و بے چینی کی دعا

(۱) وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَةٌ ۙ قَالُوْآ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ؕ اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ (١٥٧=٢/١٥٦ البقرة) " اور ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دیجئے ' جنھیں جب بھی کوئی مصیبت آتی ہے تو کہتے ہیں ہم اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ' (دراصل) یہی لوگ ہیں کہ ان پر انکے رب کی نوازشیں اور رحمتیں ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں" حدیث میں نقصان کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ کے

ساتھ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِی خَیْرًا مِّنْھَا پڑھنے کی بھی فضیلت اور تاکید آئی ہے ترجمہ ''اے اللہ مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اسکے بدلے میں اس سے بہتر چیز عطا فرما''(مسلم ۹۱۸) (مومن صبر اور رضا بالقضا کا مظاہرہ کرتا ہے)

رنج وفکر کے اوقات کی دعائیں

(۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ (بخاری ٦٣٤٦ ، ٩/٥٢٦ ومسلم ٢٠٩٢/٤) ''ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کرب (پریشانی) کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے ''اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں عظمت والا بردبار ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے ، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے''

(۲) اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَ اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ کُلَّهٗ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ابوداود ٣٢٤/٤ ، احمد ٤٢/٥ حسن) ''اے اللہ میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں، پس تو مجھے ایک آنکھ جھپکنے کے برابر میرے نفس کے سپرد نہ کر اور میرے لئے میرے تمام کام درست کردے تیرے سوائے کوئی عبادت کےلائق نہیں''

(۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ، ابْنُ اَمَتِكَ ، نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ ، مَاضٍ فِیَّ حُکْمُكَ ، عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ ، اَسْأَلُكَ بِکُلِّ اسْمٍ ھُوَ لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ ، اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ کِتَابِكَ ، اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ ، اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ ، وَ نُوْرَ صَدْرِیْ ، وَجَلَاءَ حُزْنِیْ ، وَذَھَابَ ھَمِّیْ (ترمذی ٣٥٠٥ ، احمد ١٧٠ ، الحاکم ٥٠٥ ، ابن السنی ٣٤٥) ''اے اللہ میں تیرا بندہ تیرے بندے کا بیٹا تیری بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قابو میں ہے میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے تیرا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کے ساتھ ہے (یعنی عدل پر مبنی ہے) میں سوال کرتا ہوں تیرے اس ہر نام کے ذریعے جس کو تو نے اپنے لیے پسند فرمایا، یا تو نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھلایا ہے ، یا اپنے علم غیب میں تو نے اسکو اختیار فرمایا ، کردے قرآن کریم کو میرے

دل کی فرحت اور میرے سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میرے فکر کو لے جانے والا بنا دے "

(٤) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ ، وَضَلَعِ الدَّیْنِ ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ (١٤٣/٤ بخاری) " اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا (مانگتا) ہوں فکر اور غم سے، عاجزی (عاجز ہوجانے سے، کمزور ناتوان ہوجانے سے) و سستی اور بخلی اور نامردی (بزدلی) سے، اور قرضداری کے بوجھ اور ظالموں کے غلبے سے "

(٥) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (٢١/٨٧ سورة الانبیآء الترمذی ٢٩٥/٥، ١٦٣/٣، والحاکم ٥٠٥/١) " تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے ہر عیب سے، بے شک میں قصور وار ہوں "

(٦) اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا (الترمذی ٣٥٠٥، احمد ١٧٠، الحاکم ٥٠٥، ابن السنی ٣٤٥، ابو داود ٨٧/٢، ابن ماجه ٣٣٥/٢)
" اللہ اللہ میرا رب ہے اسکے ساتھ میں کسی چیز کو شریک نہیں کرتا "

(٧) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ " نہ بچنے کی طاقت (یعنی گناہوں سے پھرنے کی طاقت) ہے نہ کچھ کرنے کی قوت (یعنی اللہ کی عبادت کرنے کی قوت نہیں) مگر اللہ کی مدد کیساتھ" (الحاکم جلد ۱ صفحہ ۵۴۲، الطبرانی الاوسط المجمع جلد ۱۰ صفحہ ۹۸) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۹۹ بیماریوں کی دوا ہے، بخاریؒ حدیث نمبر (۵/۵۱۶) میں یہ لکھا ہے کہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے"

(٨) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ ، وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ ، وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ، فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ (ایک بار صبح ، ایک بار شام) " اے اللہ تو میرا رب (پالن ہار) ہے، تیرے سوائے کوئی لائق عبادت نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر حتی الامکان (جہاں تک مجھ سے ہوسکتا ہے) قائم ہوں، میں نے جو برے کام کئے ہیں ان سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں، میں تیری نعمتوں کا (مجھ پر تیرے احسانات کا) اقرار کرتا ہوں، اور اپنے گناہوں کا اعتراف (اقرار) کرتا ہوں مجھے بخش دے، تیرے سوائے کوئی گناہ بخشنے والا نہیں" (سیدالاستغفار)

(٩) يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ (١/٥٤٥ حاكم)

" اے زندہ رہنے والے اے قائم رکھنے والے' میں تیری ہی رحمت سے فریاد کرتا ہوں' میرے تمام کام درست کردے اور ایک آنکھ جھپکنے کے برابر مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر" (شَأْنِي = میرے کام' اَلْوَكِيْلُ = کارساز کام بنانے والا)

(١٠) اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا (ابن حبان ٤٢٧' ابن السني ١٥٣ صحيح) " یا اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر تو جسے آسان کردے' اور تو جب چاہتا ہے تو مشکل کو آسان کردیتا ہے"

(١١) " حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ " (ابوداؤد)

مجھے اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے (حَسْبِي = مجھے کافی ہے)

(١٢) " حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ "

(٧ بار) (٩/١٢٩ سورۃ التوبہ) " کافی ہے میرے لئے اللہ' نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے ' اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے "

(١٣) " فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ " (٢٢/٧٨ الحج)

" سو کیا ہی اچھا ہے وہ مولیٰ اور کیا ہی اچھا ہے وہ مددگار"

(١٤) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ " اللہ کے نام کے ساتھ زمین اور آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی "

(١٥) اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ ' وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ (بخاری و مسلم)- اے اللہ جو چیز تو عطا فرمائے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں اور نہیں نفع پہنچا سکتی مالدار کو تیرے عذاب سے اسکی مالداری

(١٦) اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ ' اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ ' وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءًا اَوْ اَجُرَّهُ اِلٰى مُسْلِمٍ (ابوداود ٤/١٣٧' ترمذی ٣/١٤٢)

List of English Books (pdf) page 1/2

(Mirza Ehteshamuddin Ahmed)

If you need any book pdf format until I am alive

(إِنْ شَاءَ اللّٰهُ) I'll send you, email: mirzaehtesham1950@yahoo.com

(1) Glorification (Remembrance) of Allah

(2) Muslim's Beard

(3) Treatment of Diseases by Sunnah way

(4) The Rights of Parents

(5) The Rights of Children

List of Urdu and Telugu Books of Mirza Ehteshamuddin Ahmed

فہرست کتب (اردو و تلگو) مرزا احتشام الدین احمد

(1) Huqooq-Fazayel Quran	(۱) حقوق و فضائل القرآن
(2) Shirk-e-Akbar Wa Shirk-e-Asghar	(۲) شرک اکبر و شرک اصغر
(3) Harr Bidat Gumrahi Hae (Every innovation leads astray)	(۳) ہر بدعت گمراہی ہے
(4) Zabaan - Kei - Hifazat	(۴) زبان کی حفاظت
(5) Jannat Waaley A'amaal	(۵) جنتیوں والے اعمال
(6) Allah Kei-Raah Mein Maal Kharch Karna	(۶) اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا
(7) Dadhi Ka Hukum (Muslim's Beard)	(۷) داڑھی کا حکم

email: mirzaehtesham1950@yahoo.com

List of Urdu and Telugu Books of Mirza Ehteshamuddin Ahmed

فہرست کتب (اردو و تلگو) مرزا احتشام الدین احمد

(8) Beemariyon Ka Eilaaj (Treatment of Diseases by Sunnah way)	(۸) بیماریوں کا علاج قرآن و سنت کے طریقوں پر
(9) Salaam-Ko-Phailaawo	(۹) سلام کو پھیلاؤ
(10) Durood Sharief - K - Fazayel	(۱۰) درود شریف کے فضائل
(11) Subha Shaam - K - Azkaar (Remembrance of Allah)	(۱۱) صبح شام کے اذکار
(12) Mauwt - Qabr - Ka - B'ayaan	(۱۲) موت و قبر کا بیان
(13) Mushkil Awkhat - Ki - Dua'yein (Prayers at Calamities and Distress)	(۱۳) مشکل اوقات کی دعائیں
(14) Gunaaho'nh - Ka - A'sar Dunya - Ki - Zindagi Mei'n	(۱۴) گناہوں کا اثر دنیا کی زندگی میں
(15) Itteba Rasool (pbh)	(۱۵) اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم
(16) Asma - ye - Husna	(۱۶) اسماء حسناء
(17) Sotey waqt-K-Azkaar	(۱۷) سوتے وقت کے اذکار
(18) Duayeen	(۱۸) دعائیں

email: mirzaehtesham1950@yahoo.com